[Published in the Gazette of Pakistan, Extraordinary, Part-1, dated the 14th July, 2025]

ORDINANCE NO. VIII OF 2025

AN

ORDINANCE

*to consolidate and re-enact the law relating to the Frontier Constabulary*

WHEREAS, the Frontier Constabulary was originally established to maintain law and order in frontier and border areas, ensuring the security of these critical regions and preserving public peace in remote territories;

AND WHEREAS, the changing dynamics of national security, the increasing frequency of emergencies, natural disasters, civil unrest, and other emerging threats have necessitated a more adaptable and versatile force to respond to such challenges;

AND WHEREAS, the need has arisen to re-organize the Frontier Constabulary, a civil armed force, transforming it into a force capable of supplementing regular law enforcement agencies and addressing diverse security needs in a coordinated manner;

AND WHEREAS, it is expedient to reorganize the Frontier Constabulary into Federal Constabulary, equipped with and empowered to meet the evolving challenges of public safety, national security, and emergency response and for matters ancillary thereto and connected therewith;

AND WHEREAS, the Senate and the National Assembly are not in session and the President of the Islamic Republic of Pakistan is satisfied that circumstances exist which render it necessary to take immediate action;

NOW, THEREFORE, in exercise of the powers conferred by clause (1) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President of the Islamic Republic of Pakistan is pleased to make and promulgate the following Ordinance, namely:—

1. **Short title, application and commencement.**—(1) This Ordinance shall be called the Frontier Constabulary (Re-organization) Ordinance, 2025.

(2) It shall apply to every member of the Federal Constabulary, wherever he may be.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definitions.**—In this Ordinance, unless there is anything repugnant in the subject or context,—

(a) "active service" means any duties being performed as envisioned by this Ordinance;

(b) "Inspector General" means an officer of the police service of Pakistan appointed as Inspector General of the Federal Constabulary by the Federal Government;

(c) "member of the Federal Constabulary" means a person other than person appointed by the Federal Government who, at the commencement of this Ordinance, is serving in the Federal Constabulary, or who, after the commencement of this Ordinance,

has been appointed to the Federal Constabulary under this Ordinance and has signed a recruiting roll on which the conditions of service contained in the Schedule are set forth:

Provided that every person who has for the space of six months been in the receipt of pay as a member of the Federal Constabulary and been borne on the rolls of the Federal Constabulary shall be deemed to be a member of Federal Constabulary, notwithstanding that he has not signed the said recruiting roll;

(d) "prescribed" means prescribed by rules or regulations made under this Ordinance;

(e) "regulations" means regulations made under this Ordinance; and

(f) "rules" means rules made under this Ordinance.

3. **Power to maintain Federal Constabulary.**—(1) There shall continue to be a force, maintained by the Federal Government, and called the Federal Constabulary, for the purpose of exercising powers and performing functions in accordance with the provisions of this Ordinance.

(2) The Inspector General shall be appointed by the Federal Government in such manner and on such terms and conditions as may be prescribed by rules.

4. **Superintendence, control and administration of Federal Constabulary.**—The superintendence of and control over the Federal Constabulary shall vest in the Federal Government and the Federal Constabulary shall be administered by the Inspector General, the divisional and the wing commanders in accordance with the provisions of this Ordinance and the rules made thereunder.

5. **Power to employ Federal Constabulary in other parts of Pakistan.**—Notwithstanding anything contained in this Ordinance, it shall be lawful for the Federal Government to employ the Federal Constabulary as a reserve force, to perform specialized duties in aid of Islamabad Capital Territory Police, Provincial Police Forces and all other security and law enforcement forces and agencies.

6. **Constitution of Federal Constabulary.**—The Federal Constabulary shall be constituted consisting members to be appointed in such manner and on such terms and conditions as may prescribed by rules.

7. **Functions of the Federal Constabulary.**—The Federal Constabulary shall be deployed by the Federal Government for internal security duties which include, but are not limited to,—

(a) internal security;

(b) riot control;

(c) counter terrorism; and

(g) protection or escort.

8. **Organization and structure of Federal Constabulary.**—(I) The Federal Constabulary shall be under the overall 'command of the Inspector General who shall be assisted by Additional Inspectors General, Deputy Inspectors General and Assistant Inspectors General and such other officers, of police service of Pakistan, as may be appointed in the prescribed manner.

(2) The Federal Constabulary shall comprise of two divisions namely Security Division and Federal Reserve Division,

(3) The operational command shall consist of Divisional Commanders, officers of the rank of Deputy Inspector General (DIG) and such other officers as may be appointed in the prescribed manner, who shall command Security Division and Federal Reserve Division respectively. Structure of the Federal Constabulary shall comprise wings, companies and platoons, commanded by officers of the rank of Superintendent of Police, Assistant Superintendent of Police or Deputy Superintendent of Police, Inspector, Sub-Inspector and Assistant Sub-Inspector respectively.

(4) Federal Constabulary may establish Regional Headquarters with the approval of the Federal Government, in regions where it is deployed for effective command and control.

9. **Establishment of the Security Division.**—The Security Division shall comprise the existing strength of the Frontier Constabulary and shall consist exclusively of the personnel appointed through traditional system as prescribed by regulations,

10. **Establishment of the Federal Reserve Division.**—There shall be a dedicated division for Anti-Riot and Special Protection in the Federal Constabulary called the federal reserve division which shall be a multi-ethnic national force with twenty percent representation from the four federating units (Punjab, Sindh, Balochistan, KP), ten percent from Azad Jammu and Kashmir, six percent from Gilgit-Baltistan and four percent from the Islamabad Capital Territory.

If vacancies of any unit or area were not filled due to the unavailability of an eligible candidate, it may be filled from another unit or area.

11. **Appointment of subordinate officers and staff.**—The power to appoint all officers and staff of the Federal Constabulary, other than those mentioned in section 8, shall rest with the Inspector General and Commanders who shall respectively exercise such powers in such manner as may be prescribed by the rules made under this Ordinance.

12. **General duties of members of the Federal Constabulary.**—(1) It shall be the duty of every member of the Federal Constabulary to promptly obey and to execute all orders and warrants lawfully issued to him by any superior authority, to apprehend all persons whom he is legally authorized to apprehend and then hand over to law enforcement agency for further prosecution in accordance with the law.

(2) Every member of the Federal Constabulary shall be liable to serve anywhere within and beyond the limits of Pakistan.

13. **Disciplinary proceedings.**—Every member of the Federal Constabulary shall be bound by the disciplinary rules to be made under this Ordinance and till making of such rules, members of the Federal Constabulary shall be subject to the disciplinary rules provided under relevant sections of North-West Frontier Constabulary Act, 1915 (XIII of 1915) and rules made thereunder.

14. **Power and duties conferrable and imposable on members of the Federal Constabulary.**—(1) The Federal Constabulary shall have the powers as enshrined in the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898), Anti-Terrorism Act, 1997 (XXVII of 1997), the Police Order, 2002 (Chief Executive's Order No. 22 of 2002) and any other law for the time being in force.

(2) In addition to the powers mentioned in sub-section (1), the Federal Government may, by general or special order, confer or impose upon any member of the Federal Constabulary any of the powers or duties conferred or imposed on a police officer of any class or grade by any enactment for the time being in force,

15. **Protection of acts of members of the Federal Constabulary.**—(1) In any suit or proceeding against any member of the Federal Constabulary for any act done by him in pursuance of a warrant or order of a competent authority, it shall be lawful for him to plead that such act was done by him under the authority of such warrant or order.

(2) Such a plea may be proved by the production of the warrant or order directing the act and if it is so proved, such member of the Federal Constabulary shall thereupon be discharged from liability in respect of the act so done by him notwithstanding any defect in the jurisdiction of the authority which issued such a warrant or order.

(3) All suits and proceedings, whether civil or criminal, against any person which may lawfully be brought for anything done or intended to be done under the powers conferred by, or in pursuance of, any provision of this Ordinance or the rules thereunder, shall be commenced within three months after the act complained of was committed and not otherwise, and notice in writing of such suit or proceedings and of the cause thereof shall be given to the defendant or his superior officer one month at-least before the commencement of the suit or proceedings.

16. **Power to make rules.**—(1) The Federal Government may, by notification in the official Gazette, make rules for carrying out the purposes of this Ordinance.

(2) Without prejudice to the generality of the power conferred by sub-section (1), the rules may provide for any or all of the following matters, namely:—

(a) regulating the functions and powers of Federal Constabulary;

(b) regulating the classes and grades of and the remuneration to be paid to the officers and staff of and the conditions of service in the Federal Constabulary;

(c) fixing the period of service for members of the Federal Constabulary in any district or local area;

(d) regulating the award of punishment to Federal Constabulary officers and staff providing for appeal from or the revision of order, on the remission of fines imposed and the remission of deductions made;

(e) regulating the several or collective liability of members of the Federal Constabulary in the case of the loss or theft of weapons and ammunition; and

(f) generally, for the purpose of bringing into effect the provisions of this Ordinance.

17. **Power to make regulations.**—The Inspector General with the previous sanction of the Federal Government may by notification in the official

Gazette, make regulations for internal matters of the Federal constabulary or where specific provisions of this Ordinance so require.

18. **Repeal and savings.**—(1) Upon commencement of this Ordinance, the North-West Frontier Constabulary Act, 1915 (XIII of 1915) is repealed.

(2) The rules, regulations and orders made under the Act repealed under sub-section (1) shall so far as these are not inconsistent with the provisions of this Ordinance continue until amended or rescinded.

(3) Notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force all members and employees of the Frontier Constabulary serving in the defunct Frontier Constabulary immediately before the commencement of this Ordinance, immediately after the commencement of this Ordinance shall stands transferred to the Federal Constabulary reconstituted under this Ordinance on same terms and conditions as applicable to them before commencement of this Ordinance.

(4) All assets and liabilities of the Frontier Constabulary, of whatever nature and wherever situated, shall, upon commencement of the Federal Constabulary Ordinance stand transferred to and vest in the Federal Constabulary.

(5) All rules, regulations, notifications, and orders made or issued under the Frontier Constabulary Act, 1915, insofar as they are not inconsistent with the provisions of the Federal Constabulary Ordinance, shall be deemed to have been made or issued under the corresponding provisions of the Federal Constabulary Ordinance and shall remain in force until altered, amended, or repealed by competent authority.

19. **Power to remove difficulties.**—If any difficulty arises in giving effect to any provision of this Ordinance; the Government may make such order, not inconsistent with the provision of this Ordinance, as may appear to it to be necessary or expedient for the purpose of removing the difficulty.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Frontier Constabulary was established in 1913 and governed under FC-Act, 1915. The force was established to maintain law and order situation in frontier border areas, ensuring the security in remote territories. With the passage of time, due to change of dynamics of national security, increasing frequency of emergencies, civil unrest and other emerging threats have necessitated a more adaptable and versatile force to respond to challenges across the country. This amendment will provide the regulation of the Frontier Constabulary in all Federating units of Pakistan including GB, ICT and the State of AJK.

2. The Bill is designed to achieve the aforesaid objective.

**(Syed Mohsin Raza Naqvi)**
Minister for Interior & NC

۱۹۔ **ازالہ مشکلات کا اختیار:۔** اگر اس آرڈیننس کے کسی بھی احکامات کو موثر بنانے میں کوئی مشکل پیش آئے تو حکومت ایسا حکم وضع کرسکتی ہے جو اس آرڈیننس کے احکامات سے متناقص نہ ہو جیسا کہ اسے ازالہ مشکل کی غرض کے لیئے ضروری یا قرین مصلحت دکھائی دے۔

**بیان اغراض و وجوہ**

فرنٹیئر کانسٹیبلری کا قیام ۱۹۱۳ء میں عمل میں لایا گیا تھا اور اس کا انتظام ایف سی ایکٹ ۱۹۱۵ء کے تحت کیا جاتا ہے-اس فورس کا مقصد سرحدی علاقوں میں امن وامان قائم رکھنا اور دور دراز علاقوں میں سیکیورٹی کو یقینی بنانا تھا۔ وقت گزرنے کے ساتھ قومی سلامتی کی نوعیت میں تبدیلی، ہنگامی صورتحال میں اضافہ، شہری بدامنی اور ابھرتے ہوئے دیگر خطرات نے ایک زیادہ موافق اور ہمہ جہت فورس کی ضرورت پر زور دیا تاکہ ملک بھر میں چیلنجز کا مؤثر انداز سے مقابلہ کیا جاسکے۔ اس ترمیم کا مقصد پاکستان کی تمام وفاقی اکائیوں بشمول گلگت بلتستان، وفاقی دارالحکومت اور ریاست آزاد جموں وکشمیر میں فرنٹیئر کانسٹیبلری کو منضبط بنانے کی بابت احکام وضع کرنا ہے۔

۲۔ اس بل کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

**(سید محسن رضا نقوی)**

**وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات**

(د) وفاقی کانسٹیبلری کے افسران اور عملے کو دی جانے والی سزا کو منضبط کرنا، اپیل کا اہتمام کرنا، عائد کردہ جرمانوں کے حکم پر نظر ثانی کرنا اور وضع کردہ کٹوتیوں میں تخفیف کرنا؛

(ہ) ہتھیاروں اور گولہ بارود کے کھو جانے یا چوری ہونے کی صورت میں وفاقی کانسٹیبلری کے ارکان کی متعدد یا اجتماعی ذمہ داریوں کو منظم کرنا؛ اور

(و) عام طور پر اس آرڈیننس کے احکامات کو موثر بنانے کی اغراض کے لیے۔

**۱۷۔ ضوابط وضع کرنے کا اختیار:۔** انسپکٹر جنرل وفاقی حکومت کی پیشگی منظوری سے سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے وفاقی کانسٹیبلری کے اندرونی معاملات کے لیے یا جہاں اس آرڈیننس کی مخصوص احکامات اس طرح تقاضا کریں کے ضوابط وضع کر سکے گا۔

**۱۸۔ تنسیخ اور استثناء:۔** (۱) اس آرڈیننس کے آغاز نفاذ پر شمال مغربی فرنٹیئر ایکٹ ۱۹۱۵ء (نمبر ۱۳ بابت ۱۹۱۵) منسوخ ہوگا۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت منسوخ شدہ ایکٹ کے تحت وضع کردہ قواعد، ضوابط اور احکامات اس حد تک جیسا کہ اس آرڈیننس کے احکامات سے متناقض نہیں ہیں جب تک کہ ترمیم نہیں کی جاتی یا منسوخ نہیں کیئے جاتے جاری رہیں گے۔

(۳) فی الوقت نافذ العمل دیگر کسی قانون میں شامل کسی بھی شئے کے باوصف فرنٹیئر کانسٹیبلری کے تمام اراکین اور ملازمین جو معدوم فرنٹیئر کانسٹیبلری میں اس آرڈیننس کے آغاز نفاذ سے فوراً قبل خدمت انجام دے رہے ہیں اس آرڈیننس کے آغازِ نفاذ کے فوراً بعد اس آرڈیننس کے تحت تشکیل نو کی گئی وفاقی کانسٹیبلری کو انہی قیود و شرائط پر منتقل شدہ سمجھے جائیں گے جیسا کہ اس آرڈیننس کے آغازِ نفاذ سے قبل ان پر قابل اطلاق تھیں۔

(۴) فرنٹیئر کانسٹیبلری کے تمام اثاثے اور واجبات جو بھی نام دیا جائے اور جہاں بھی واقع ہوں وفاقی کانسٹیبلری آرڈیننس کے آغازِ نفاذ پر وفاقی کانسٹیبلری کو منتقل شدہ اور عطاء شدہ سمجھے جائیں گے۔

(۵) فرنٹیئر کانسٹیبلری ایکٹ ۱۹۱۵ء کے تحت اب تک جاری کردہ یا وضع کردہ تمام قواعد، ضوابط، اعلامیے اور احکامات جیسا کہ یہ وفاقی کانسٹیبلری آرڈیننس کے احکامات سے متناقض نہ ہوں وفاقی کانسٹیبلری آرڈیننس کی مماثل احکامات کے تحت وضع کردہ یا جاری کردہ سمجھے جائیں گے اور نافذ العمل رہیں گے تاوقتیکہ مجاز اتھارٹی کی جانب سے تبدیلی، ترمیم یا منسوخ نہ کر دیئے جائیں۔

**۱۵۔ وفاقی کانسٹیبلری کے اراکین کے افعال کا تحفظ:۔** (۱) وفاقی کانسٹیبلری کے کسی بھی رکن کے کسی بھی عمل کی بابت جو اس نے مجاز اتھارٹی کے کسی بھی حکم یا وارنٹ کی مطابقت میں انجام دیا ہو کے خلاف کسی بھی مقدمے یا کارروائی میں یہ اس کے لیے قانوناً جائز ہے کہ وہ استدعا کرے کہ مذکورہ عمل اس نے اس حکم یا وارنٹ کے تحت انجام دیا ہے۔

(۲) اس طرح کی استدعا کی ہدایت کرنے والے وارنٹ یا آڈر کی پیش سازی سے ثابت ہو سکتی ہے اور اگر یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ وفاقی کانسٹیبلری کا مذکورہ رکن کو اس کی جانب سے کیئے گئے عمل کے سلسلے میں ذمہ داری سے بری کر دیا جائے گا باوجود اس کے کہ اتھارٹی کے دائرہ اختیار میں کوئی نقص ہو جس نے ایسا حکم یا وارنٹ جاری کیا ہو۔

(۳) کسی بھی شخص کے خلاف تمام مقدمات اور کارروائیاں خواہ دیوانی ہوں یا فوجداری جنہیں کسی بھی شئے کے لیے قانونی طور پر پیش کیا جا سکتا ہے جو اس نے اس آرڈیننس کی کسی بھی حکم یا اس کے تحت قواعد کی مطابقت میں یا عطاء کردہ اختیارات کے تحت انجام دیے ہوں یا انجام دینے کا ارادہ رکھتا ہو اس وقت تک آغاز نہیں کیا جا سکتا جب تک کہ عمل کی شکایت کے وقت سے تین ماہ نہ گزر جائیں اور بصورت دیگر عمل قانونی نہ ہو تو مذکورہ مقدمہ یا قانونی کارروائیوں کا کم سے کم کارروائیوں کے آغاز سے ایک ماہ قبل ایک تحریری اطلاع نامہ اور اس کی وجہ مدعا علیہ کو یا اس کے اعلیٰ افسر کو دی جائے گی۔

**۱۶۔ قواعد وضع کرنے کا اختیار:۔** وفاقی حکومت سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے اس آرڈیننس کے اغراض کو عمل میں لانے کے لیے قواعد وضع کر سکے گی۔

ذیلی دفعہ (۱) کے تحت عطا کردہ اختیار کی عمومیت کو مضرت پہنچائے بغیر قواعد حسب ذیل تمام یا کسی ایک امر کا اہتمام کرینگے یعنی:

(الف) وفاقی کانسٹیبلری کے کارہائے منصبی اور اختیات کو منضبط کرنا؛

(ب) افسران اور عملے کے طبقات، درجات اور ان کو ادا کیئے جانے والے معاوضے اور وفاقی کانسٹیبلری کی ملازمت کی شرائط کو منضبط کرنا؛

(ج) کسی بھی ضلع یا مقامی علاقے میں وفاقی کانسٹیبلری کے اراکین کی سروس کی معیاد مقرر کرنا؛

۱۱۔ **ماتحت افسران اور عملے کی تقرری:۔** وفاقی کانسٹیبلری کے تمام افسران اور عملے کی تقرری کا (دفعہ ۸ میں بیان کردہ کے علاوہ) اختیار انسپکٹر جنرل اور کمانڈروں کو تفویض ہوگا جو بالترتیب مذکورہ اختیارات کو ایسے طریقہ کار میں، جیسا کہ اس آرڈیننس کے تحت وضع کردہ قواعد کی رو سے مقرر کر دیا گیا ہو، استعمال کریں گے۔

۱۲۔ **وفاقی کانسٹیبلری کے اراکین کے عمومی فرائض منصبی:۔** (۱) وفاقی کانسٹیبلری کے ہر رکن کا یہ فرض منصبی ہوگا کہ وہ کسی بھی اعلیٰ حکام کی جانب سے قانوناً اس کو جاری کیے گئے تمام احکامات اور وارنٹس (اختیار نامہ جات) کی فی الفور تعمیل اور ان پر عملدرآمد کرے گا، ان تمام اشخاص کو گرفتار کرے گا جن کو وہ قانونی طور پر گرفتار کرنے کا مجاز ہے اور بعد ازاں قانون کے مطابق مزید کارروائی کے لیے ان کو قانون نافذ کرنے والے ادارے کے حوالے کرے گا۔

(۲) وفاقی کانسٹیبلری کا ہر رکن پاکستان کی حدود کے اندر یا بیرون ملک کسی بھی جگہ خدمات انجام دینے کا پابند ہوگا۔

۱۳۔ **تادیبی کارروائیاں:۔** وفاقی کانسٹیبلری کا ہر رکن اس آرڈیننس کے تحت وضع کردہ تادیبی قواعد کا پابند ہوگا اور ایسے قواعد کے مرتب ہونے تک، وفاقی کانسٹیبلری کے اراکین ان شمال مغربی سرحدی کانسٹیبلری ایکٹ، ۱۹۱۵ (نمبر ۱۳ بابت ۱۹۱۵) اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد کی متعلقہ دفعات کے تحت فراہم کردہ تادیبی قواعد کے تابع ہوں گے۔

۱۴۔ **وفاقی کانسٹیبلری کے اراکین پر قابل تفویض اختیارات اور قابل لاگو فرائض منصبی:۔**

(۱) وفاقی کانسٹیبلری ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸، (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸)، انسداد دہشت گردی ایکٹ، ۱۹۹۷ (نمبر ۲۷ بابت ۱۹۹۷)، پولیس آڈر، ۲۰۰۲ (چیف ایگزیکٹو فرمان نمبر ۲۲ مجریہ ۲۰۰۲) اور فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دیگر قانون میں بیان کردہ اختیارات کی حامل ہوگی۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) میں بیان کردہ اختیارات کے علاوہ، وفاقی حکومت، وفاقی کانسٹیبلری کے کسی رکن کو فی الوقت رائج کسی بھی وضع کردہ قانون کی رو سے کسی بھی عہدے یا گریڈ کے پولیس افسر کو مرحمت کردہ یا عائد کردہ کوئی بھی اختیار یا فرائض منصبی، عمومی یا خصوصی حکم کے ذریعے، مرحمت یا عائد کر سکے گی؛

۸۔ **وفاقی کانسٹیبلری کی تنظیم سازی اور بنیادی ڈھانچہ:۔** (۱) وفاقی کانسٹیبلری انسپکٹر جنرل کے مجموعی کمانڈ کے ماتحت ہوگی اُس کی معاونت ایڈیشنل انسپکٹرز جنرل، ڈپٹی انسپکٹرز جنرل اور اسسٹنٹ انسپکٹرز جنرل اور پولیس سروس پاکستان کے ایسے دیگر افسران، جن کو مقررہ طریقہ کار میں مقرر کیا گیا ہو کی جانب سے کی جائے گی۔

(۲) وفاقی کانسٹیبلری دو ڈویژن یعنی سکیورٹی ڈویژن اور وفاقی ریزروڈویژن پر مشتمل ہوگی۔

(۳) آپریشنل کمانڈ ڈویژنل کمانڈرز، ڈپٹی انسپکٹر جنرل (ڈی آئی جی) کے عہدے کے افسران اور ایسے دیگر افسران، جن کو مقررہ طریقہ کار میں مقرر کیا جائے، پر مشتمل ہوگی، جو بالترتیب سکیورٹی ڈویژن اور وفاقی ریزروڈویژن کی کمانڈ کریں گے۔ وفاقی کانسٹیبلری کا بنیادی ڈھانچہ، ونگز، کمپنیوں اور پلاٹونز پر مشتمل ہوگا، جن کی کمانڈ بالترتیب سپرانٹنڈنٹ پولیس، اسسٹنٹ سپرانٹنڈنٹ پولیس یا ڈپٹی سپرانٹنڈنٹ پولیس، انسپکٹر، سب انسپکٹر، اسسٹنٹ سب انسپکٹر کے

عہدے کے افسران کی جانب سے کی جائے گی۔

(۴) وفاقی کانسٹیبلری ان علاقوں میں جہاں اس کو موثر کمانڈ اور کنٹرول کے لیے تعینات کیا جائے، وفاقی حکومت کی منظوری سے علاقائی مرکزی دفتر قائم کر سکے گی۔

۹۔ **سکیورٹی ڈویژن کا قیام:۔** سکیورٹی ڈویژن فرنٹیئر کانسٹیبلری کی موجودہ تعداد پر مشتمل ہوگا اور یہ بلاشرکت غیرے ان اہلکاروں پر مشتمل ہوگا جو روایتی نظام سے بھرتی کیئے گئے ہیں جیسا کہ ضوابط میں صراحت کیا گیا ہے۔

۱۰۔ **وفاقی ریزروڈویژن کا قیام:۔** وفاقی کانسٹیبلری میں انسداد بلوہ اور خصوصی تحفظ کے لیے ایک مختص کردہ ڈویژن ہوگا جس کو وفاقی ریزروڈویژن کے نام سے موسوم کیا جائے گا جو کہ متعدد نسلی گروہوں پر مشتمل ایک ملکی فورس ہوگی جس میں چاروں صوبائی اکائیوں (پنجاب، بلوچستان، سندھ، کے پی)، سے بیس فیصد نمائندگی ہوگی، آزاد جموں و کشمیر سے دس فیصد، گلگت سے چھ فیصد اور دارلحکومت اسلام آباد سے چار فیصد نمائندگی ہوگی۔ اگر موزوں امیدواروں کی عدم دستیابی کی وجہ سے کسی بھی اکائی یا علاقے سے آسامیوں کو پُر نہ کیا جا سکے تو، ان کو کسی دوسرے علاقے یا اکائی سے پُر کیا جا سکے گا۔

۳۔ **وفاقی کانسٹیبلری کو برقرار رکھنے کا اختیار:۔** (۱) وفاقی حکومت کی جانب سے اس آرڈیننس کے احکامات کی مطابقت میں اختیارات استعمال کرنے اور کارہائے منصبی انجام دینے کی غرض سے فورس کو بدستور برقرار رکھا جائے گا، اور اسے وفاقی کانسٹیبلری کہا جائے گا۔

(۲) انسپکٹر جنرل کو وفاقی حکومت کی جانب سے ایسے طریقہ کار میں اور ایسی قیود و شرائط پر جیسا کہ قواعد کی رو سے مقررہ ہو تقرر کیا جائے گا۔

۴۔ **وفاقی کانسٹیبلری کی نگرانی، کنٹرول اور انتظام:۔** وفاقی کانسٹیبلری کی نگرانی اور اس پر کنٹرول وفاقی حکومت کو تفویض ہوگا اور وفاقی کانسٹیبلری کا انتظام اس آرڈیننس کے احکامات اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد کی مطابقت میں انسپکٹر جنرل، ڈویژنل اور ونگ کمانڈرز کے ذریعے سے کیا جائے گا۔

۵۔ **پاکستان کے دیگر حصوں میں وفاقی کانسٹیبلری کی تعیناتی کا اختیار:۔** اس آرڈیننس میں شامل کسی امر کے باوصف، وفاقی حکومت کے لیے یہ جائز ہوگا کہ وہ وفاقی کانسٹیبلری کو ریزرو فورس کے طور پر تعینات کرے تاکہ دارلحکومت اسلام آباد پولیس، صوبائی پولیس فورسز اور تمام دیگر سکیورٹی اور قانون نافذ کرنے والی فورسز اور اداروں کی مدد میں خصوصی فرائض انجام دے سکے۔

۶۔ **وفاقی کانسٹیبلری کی تشکیل:۔** وفاقی کانسٹیبلری تشکیل کی جائے گی جس میں اراکین کا تقرر ایسے طریقہ کار میں اور ان شرائط و قیود میں کیا جائے گا جیسا کہ قواعد کی رو سے صراحت کر دیا ہو۔

۷۔ **وفاقی کانسٹیبلری کے کارہائے منصبی:۔** وفاقی کانسٹیبلری کو وفاقی حکومت داخلی سلامتی کے کارہائے منصبی کے لیے تعینات کرے گی، جس میں، حسب ذیل اُمور، لیکن ان تک محدود نہیں، شامل ہیں، :۔

(الف) داخلی سلامتی؛

(ب) فسادات پر قابو پانے؛

(ج) انسداد دہشت گردی؛ اور

(د) حفاظت یا اسکورڈ (سفری مسلح دستہ)

۱۔ **مختصر عنوان، اطلاق اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ آرڈیننس فرنٹیئر کانسٹیبلری (تنظیم نو) آرڈیننس، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) اس کا اطلاق وفاقی کانسٹیبلری کے ہر رکن پر ہوگا، چاہے وہ کہیں پر بھی ہو۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات:۔** اس آرڈیننس میں، تاوقتیکہ کوئی امر موضوع یا سیاق و سباق کے منافی نہ ہو،۔

(الف) ''فعال سروس'' سے اس آرڈیننس کی رو سے تصور کردہ، کسی بھی فرائض کی انجام دہی مراد ہے؛

(ب) ''انسپکٹر جنرل'' سے وفاقی حکومت کی جانب سے وفاقی کانسٹیبلری کے انسپکٹر جنرل کے طور پر تقرر کردہ پاکستان پولیس سروس کا افسر مراد ہے؛

(ج) ''وفاقی کانسٹیبلری کا رکن'' سے وفاقی حکومت کی جانب سے تقرر کردہ شخص کے علاوہ کوئی بھی شخص مراد ہے جو، اس آرڈیننس کے آغاز نفاذ پر، وفاقی کانسٹیبلری میں خدمات انجام دے رہا ہو، یا جو، اس آرڈیننس کے آغاز نفاذ کے بعد، اس آرڈیننس کے تحت وفاقی کانسٹیبلری میں تقرر کیا گیا ہو اور اس نے بھرتی کی فہرست پر دستخط کیے ہوں جس پر شیڈول میں شامل سروس کی شرائط درج ہوں:

مگر شرط یہ ہے کہ ہر شخص جو چھ ماہ تک وفاقی کانسٹیبلری کے رکن کے طور پر تنخواہ وصول کرتا رہا ہو اور وفاقی کانسٹیبلری کی فہرستوں میں درج نہ ہوا ہو تو وفاقی کانسٹیبلری کا رکن سمجھا جائے گا، باوجود اس کے کہ اس نے مذکورہ بھرتی کی فہرست پر دستخط نہ کیے ہوں؛

(د) مقررہ'' سے اس آرڈیننس کے تحت وضع کردہ قواعد یا ضوابط کی رو سے مقررہ مراد ہے؛

(ہ) ''ضوابط'' سے اس آرڈیننس کے تحت وضع کردہ ضوابط مراد ہیں؛

(و) ''قواعد'' سے اس آرڈیننس کے تحت وضع کردہ قواعد مراد ہیں۔

[جریدہ پاکستان، غیر معمولی، حصہ اول، مورخہ 14 جولائی، 2025ء میں شائع ہوا]

آرڈیننس نمبر ۸ مجریہ ۲۰۲۵ء

# فرنٹیئر کانسٹیبلری سے متعلق قانون کو یکجا کرنے اور دوبارہ وضع کرنے کا آرڈیننس

ہرگاہ کہ، فرنٹیئر کانسٹیبلری کو ابتداء میں سرحدی اور بارڈر کے علاقوں میں امن وامان برقرار رکھنے، ان خطرناک خطوں کی سلامتی کو یقینی بنانے اور دور دراز کی حدود میں امن عامہ کو محفوظ بنانے کے لیے قائم کیا گیا تھا؛

اور چونکہ، قومی سلامتی کے بدلتے ہوئے حالات، ہنگامی حالات، قدرتی آفات، سول بدامنی، اور دیگر اُبھرتے ہوئے خطرات کی بڑھتی ہوئی تعداد نے ایک موافق تر اور کثیر المقاصد فورس کی ضرورت کو جنم دیا ہے جو ان ایسے چیلنجز سے نمبٹ سکے؛

اور چونکہ، فرنٹیئر کانسٹیبلری کو دوبارہ منظم کرنے کی ضرورت ہے، جو ایک سول مسلح فورس ہے، اسے ایک ایسی فورس میں تبدیل کیا جائے تا کہ اسے باقاعدہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی معاونت کرنے اور متنوع سکیورٹی ضروریات کو مربوط طریقہ کار سے پورا کرنے کے قابل بنایا جاسکے؛

اور چونکہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ فرنٹیئر کانسٹیبلری کی وفاقی کانسٹیبلری میں تنظیم نو کی جائے، تا کہ تحفظ عامہ، قومی سلامتی اور ہنگامی حالات کے جواب میں اُبھرتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اور اس کے ضمنی اور اس سے منسلکہ معاملات کے لیے اسے لیس اور بااختیار کیا جائے؛

اور چونکہ سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس نہیں ہو رہے اور صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کو اطمینان حاصل ہے کہ ایسے حالات موجود ہیں جن کی بناء پر فوری کارروائی کرنا ضروری ہے؛

لہذا، اب، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۱) کی رو سے حاصل شدہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان نے حسب ذیل آرڈیننس وضع اور جاری کیا ہے، یعنی:۔